نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

تیلدار اجناس کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت صوبہ پنجاب میں پیداواری مقابلہ برائے کینولا کیلئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب

لاہور 18 نومبر 2022: ترجمان محکمہ زراعت کے مطابق تیلدار اجناس کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت کیلئے ایسے کاشتکاروں جو بہاولنگر، بہاولپور، بھکر، فیصل آباد، جھنگ، خانیوال، لودھراں، میانوالی، ملتان، مظفر گڑھ، اوکاڑہ ،سرگودھا، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور کے اضلاع سے تعلق رکھتے ہوں اور 3 یا 3 ایکڑ سے زائد تک کے ایسے قابل کاشت زرعی اراضی کے مالک مرد وخواتین، مزارعین/ٹھکیدار جبکہ مشترکہ کھاتہ کے زمیندار ہوں جنہوں نے اپنے کھیتوں میں 3 ایکڑ متصل فصل کینولہ کی کوئی بھی منظور شدہ قسم کاشت کی ہو، مقابلہ کیلئے پیش کر سکیں گے۔ ایسے زمیندار کینولہ کے پیداواری مقابلہ 23-2022 میں درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ خواہشمند کاشتکار درخواست فارم محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر سے مفت حاصل کر سکتے ہیں۔ فارم کی فوٹو کاپی بھی قابلِ قبول ہوگی۔ ایسے ترقی پسند کاشتکار جو ضلعی یا ڈویژنل کمیٹی کے اراکین ہوں گے وہ مقابلہ کے لئے اہل نہ ہوں گے۔ اس کے علاوہ محکمہ زراعت کے ملازمین، سرکاری ملازمین، محکمہ مال کے ملازمین اور ممبر صوبائی وقومی اسمبلی اس پیداواری مقابلہ کے لئے اہل نہ ہوں گے ۔مکمل درخواستیں تصدیق کے بعد متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر میں **08 دسمبر 2022** تک وصول کی جائیں گی۔ مزید معلومات وراہنمائی کیلئے دفتری اوقات میں فون نمبر **042-99200752** پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆